منشورِ محمدیؐ

منشور رسولان ہمہ محتاج نجاتم - باخاتم و مہر آمدہ منشور محمدؐ - توریت بلا توریہ انجیل تجیل - گویان صفت دست مبر در محمدؐ

نمبر ۳۶ | مطبوعہ ۵ ذیحجہ ۱۳۰۲ ہجری مطابق ۵ - اکتوبر ۱۸۸۵ عیسوی | جلد ۱۲

اشتہار یہ اخبار عشرہ واردِ مضامین تردید مذہب عیسوی چھپتا ہے قیمت سالانہ بحساب ۵ روپیہ معہ محصول بذریعہ منی آرڈر بنام مہتمم مطبع آنی چاہئین -

قبول اسلام

جناب حامی دین محمدی محمد شریف صاحب سلمہ

ای رب العالمین تیری حمد کسطرح بیان ہو اور تیرا شکر اس لسان ضعیف البیان سے کیا ادا ہو اپنے کو عاجز جان کے تیرے آگے اپنے سر کو جھکاتا ہون اور بار بار تیرے لئے سجدہ کرتا ہون تیرا احسان ہے کہ تونے اس نبی کی جنکی خبر تونے توریت و انجیل و زبور مین بیان فرمایا ہے انکی امت مین پیدا کیا ای خداوند تو اپنے سید ہے راستہ پر آنے کی سب کو ہدایت نصیب کر آمین - ناظرین باتمکین پر واضح ہو بفضلہ تعالیٰ اس مہینے مین شہر سہارنپور مین ۵ شخص اسلام سے مشرف ہوے چنانچہ ان کے نام نامی درج ذیل ہین -

اسلامی نام	نام کفریت	قوم	ساکن	عمر
محمد حسان	اپرو	عیسائی	سہارنپور	۳۲
عبد اللہ	کورا	ہندو	"	۲۰
عبد الرحمان	مانک	ہندو	ضلع سہارنپور	۵۰
عبد الرحیم	دسروا	"	"	۱۲
عبد اللہ[1]	کرویا پوری	ہندو	مدرسی	۱۴

[1] یہہ شخص کچہ دن سہارنپور کے علم الہی کے مدرسہ مین جو ابہی قایم ہوا ہے مدرسی بہی کر چکا ہے - مولوی شرف الحق صاحب کے وعظ مین آیا جایا کرتا تہا فقط -

ع یہہ شخص ایک میم کے ہمراہ تہا -

راقم میر محمد حسین سہارنپور -

بقیہ مضمون مقابلہ اسلام بمذہب عیسوے

(۱۹) امثال سلیمان علیہ السلام اسمین پند و نصاح ہین (۲۰) کتاب واعظ جسکو جامع بہی کہتے ہین - (۲۱) غزل الغزلات کہ جسکو نشید الانشا بہی کہتے ہین - پانچ چہہ ورق کا رسالہ ہے جسمین عاشقانہ مضامین ہین بلکہ بعض فحش آمیز کلمات بہی (۲۲) لیسیاہ[1] نبی کی

[1] ان کو اشعیاہ بہی کہتے ہین ۱۲ -

کتاب (۲۳) یرمیاہ نبی کی کتاب (۲۴) یرمیاہ نبی کا نوحہ یا مرثیہ جو تین چار ورق مین ہے۔ (۲۵) حزقیل کی کتاب (۲۶) دانیال علیہ السلام کی کتاب۔ (۲۷) ہوسیع نبی کی کتاب (۲۸) یوئیل نبی کی کتاب یہ صرف دو ورق ہین (۲۹) عاموس نبی کی کتاب یہ کل چار ورق کی ہے جسمین کچھ پیشین گوئیان ہین (۳۰) عبدیاہ نبی کا خواب جو ایک صفحہ پر ہے (۳۱) کتاب یونہ یعنے یونس علیہ السلام کا دیڑہ ورق پر مختصر سا حال (۳۲) میخا یا میکہ علیہ السلام کا چار ورق پر الہام بیان ہے (۳۳) ناحوم علیہ السلام کا الہام جو نینوہ شہر کی نسبت مین دو ورق مین ہے (۳۴) حبقوق نبی کا الہام جو دو ورق پر ہے (۳۵) صفنیاہ - یا صفونیا نبی کا الہام جو ورق پر ہے (۳۶) حجی نبی کا الہام جو دارا شاہ ایران کے عہد مین ہوا ایک ورق پر۔ (۳۷) ذکریا علیہ السلام کا الہام جو دارا کے عہد مین ہوا تہا آٹہہ ورق پر۔ (۳۸) ملاخیا یا ملاکی نبی علیہ السلام کا الہام دو ورق پر جسمین الیاس کے آنیکی بہی خبر ہے یہ حضرت مسیح سے چار سو برس پہلے تھے۔ اور کبہی ان صحیفون کے مجموعہ کو بہی مجازاً توراۃ کہتے ہین یہہ ۳۸ کتابین وہ ہین کہ جن کو یہود اور عیسائی سب مانتے ہین مگر فرقہ سامریہ ان مین سے صرف توراۃ اور کتاب یوشع اور کتاب القضات کو مانتے ہین۔ اور سب سے منکر ہین (اور یہ سب کتابین عبرانی

زبان مین ہین جو ملک یہود یہ کی قدیم زبان ہے اور یہود سے نزدیک عبرانی مین ان کے کچھ اور نام ہون تو تعجب نہین پہر ان کے تراجم یونانی اور لاطینی اور عربی وغیرہ زبانون مین ہو گئے ہین میرے پاس بالفعل اردو بائبل مطبوعہ مرزاپور سنہ ۱۸۶۶ء موجود ہے) ولیکن عیسائیون نے نو اور کتابین اس مجموعہ مین داخل کی ہین کہ جنکی تسلیم و عدم تسلیم مین ان کے متقدمین و متاخرین مین سخت اختلاف ہے چنانچہ ابہی آپ کو معلوم ہو جائیگا اور وہ نو کتابین یہہ ہین۔ (۱) کتاب استر یہ پانچ ورق کا ایک دلچسپ قصہ استر یہود یہ کا ہے کہ اس کو احسویرس بادشاہ نے دشتی ملکہ پر خفا ہو کے اپنی ملکہ بنایا اور اس کے چچا زاد بہائی مردکی کو کہ جو اسکا مربی تھا ایک خونخوار پر اپنا وزیر اعظم کیا اور ہامان وزیر سابق کو جو یہودیون کا سخت دشمن تھا منعہ زن و فرزند قتل کیا (یہ قصہ ابتک عیسائیون سے نزدیک کتب سماویہ مین شمار ہے) (۲) کتاب باروق (۳) ایک حصہ کتاب دانیال کا (۴) کتاب توبیاس (۵) کتاب یہودیت (۶) کتاب دزدہم (۷) کتاب ایکلیزیا ستیکس (۸) مقابیین کی اول کتاب (۹) مقابیین کی دوسری کتاب یہود ان کتابون کو لغو قصہ سمجہتے ہین مگر عیسائیون نے الہامی مانا ہے۔ باقی آئندہ

ایک یورپین لیڈی کا مسلمان ہونا

محلہ کمیدان باغ واقع شہر کلکتہ مین ایک لیڈی مسمیٰ جو

ف موسیٰ سے پانچون کتابین ہیں۔

تمام عمر مذہب عیسائی اپنا رکھتی تھی تائید غیبی سے اپنے دم مرگ اسلام قبول کیا یہ واقعہ ۱۴ ماہ حال روز جمعہ کو ظہور مین آیا۔

مرنے سے چار گھنٹہ پیشتر اسنے اپنے اقارب کو بلایا اور بہت سے نصیحتین کین پہر اسلام کی خوبیان بڑے شد و مد سے بیان کین اور اپنا ملت عیسائی سے درگذر نمانا ان سے بیان کیا بعدہ محلہ کے مسلمانون کو بلاکر ان سے روبرو استغفار معصیت کی اور کلمہ محمدی پڑہا کلمہ طیب پڑہتے پڑہتے دم نکل گیا قبل وفات کے اوسنے مسلمانون کو تاکید کی کہ میری تجہیز و تکفین طریقہ اسلام پر کرین اور اپنے خویشون سے کہدیا کہ جنازہ کے نزدیک نہ آئین چنانچہ اوسکی وفات پر اوس کے اقارب یک لخت الگ ہوگئے اور محلہ کے مسلمانون نے بڑی عزت کے ساتھ اوسکا جنازہ اوٹہایا جنازہ کی نماز مین بیشمار آدمی شریک ہوے۔

پادریصاحب کی دغابازی

تنجور کا اخبار لکہتا ہے کہ ایک غریب عیسائی عورت نے ایک کراس (یعنے صلیب) تیس روپیہ کو فروخت کرکے ایک لاٹری کا ٹکٹ خریدا اور حسن اتفاق سے اوس کو ۹ ہزار روپیہ ملگیا بیچاری عورت اپنی خوش قسمتی پر تو بہت ہی خوش ہوئی مگر صلیب کے فروخت کرنے سے بہت نادم ہوے اور چونکہ رومن کیتہلک عیسائیون کا دستور ہے کہ جب ان سے کوئی گناہ سرزد ہوجاتا ہے تو اپنے پادری سے دریافت کرکے کفارہ دیدیتے ہین لہذا اوس عورت نے حسب معمول اپنے پادری سے اس قصور کا ذکر کیا جو اس سے صادر ہوگیا تہا اب حضرت پادری صاحب بھی چالاکی کو ملاحظہ فرمائے انہون نے عورت سے کہا کہ تجہ سے سخت بے ادبی اور توہین مذہب ہوئی ہے اگر تو چاہتی ہے کہ یہ تیرا گناہ بالکل معاف ہوجاے تو اس روپیہ کو لیجاکر آدہی رات کو اپنی ماں کی قبر پر رکہدے وہان سے ایک سفید پوش فرشتہ اس روپیہ کو اٹہاکر لیجائیگا چونکہ عورت کو پادری صاحب کی دیانت داری پر ازبس بہروسہ تہا اسنے ان کے کہنے پر اعتبار کرلیا اور ایک اور عورت کو ساتہ لیکر آدہی رات کو قبرستان مین چلی گئی اور اپنی ماں کی قبر پر روپیہ کی تہیلی رکہدی تہوڑے عرصہ کے بعد ایک سفید پوش یعنے (فرشتے) کو دیکہتے ہی دونون عورتین نہایت متحیر ہوئین اور قبرستان سے بہاگ گئین راستہ مین پولس سے آدمیون نے ان سے پوچہا کہ تم اسوقت کیون بہاگ رہی ہو تو اونہون نے تمام قصہ ابتدا سے انتہا تک کہہ سنایا چنانچہ پولس نے تلاش کرنے پر سفید پوش فرشتہ کو گرفتار کیا جو ماشاء اللہ! پادری صاحب ہی نکل آئے اب پادری پولس کے حراست مین ہین اور مقدمہ عنقریب ہونے والا ہے۔

قوت اسلام

آجکل بعض نئی روشنی والے ہندوستان وغیرہ کے

اہل اسلام کی حالت روی پر طرح طرح کی کچہڑی اپنے کانسہ دماغ مین پکایا کرتے ہین کوئی کہتا ہے کہ اب یہ قوم روز بروز گہٹتی جائیگی کبہی مسلمانون کو عروج نصیب نہ ہوگا دوسرے فرماتے ہین کہ عنقریب اہل اسلام دنیا سے معدوم ہو جائینگے کیونکہ اب اسلام کی قوت بالکل گہٹ گئی ایسے حضرات کی تسلی کے لئے ہم اخبار (مانیتور دو روم) کے ایک مضمون کا ترجمہ ذیل مین درج کرتے ہین - وہو ہذا -

واضح ہو کہ خط تانجہ سے جاوا تک ملت اسلام کے لوگ پھیلے ہوے ہین اور از روے مردم شماری ان ملکون مین مسلمان عیسائیون کے برابر ہین - اور تمام دنیا کی مردم شماری کا حساب لگانے سے معلوم ہوتا ہے کہ سات آدمیون مین ایک مسلمان ہے ممالک عثمانیہ روم ستر ملیون اور ہندوستان مین پچاس ملیون ممالک روس مین آٹہہ ملیون ممالک ایران و افغانستان مین اٹہہتر ملیون جزیرۃ العرب مین چار ملین اور چین مین چار ملین جزیرۂ ہند مین تیرہ ملین ممالک افرقہ مین ایکسو ملین مسلمان آباد ہین ان کے علاوہ ممالک فرقہ سے باشندے روز بروز دین اسلام مین داخل ہوتے جاتے ہین -

علی ہذا سو ڈیڑہ سو ان کے باشندے سارے اہل اسلام ہین صاحب اخبار مذکور لکہتے ہین کہ اسلام کی مندرجہ صدر قوت پر نظر کرکے ہم تمام سلطنتون کو جو اپنے زعم مین قوت اسلام کے قابو مین لانا چاہتے ہین انتباہ کرتے ہین کہ وہ قوت اسلامیہ کو اپنے دلون سے فراموش نہ کرین جب سے مشرقی معاملات کا مسئلہ مختلف صورتون مین ظاہر ہونے لگا ہے تب سے قوت اسلام بہی زیادہ ہی ہوتی جاتی ہے - راجپوتانہ گزٹ

غزل محمد اسماعیل خان وسیم دہلوی

قلم مدحت رقم ہے خالق نور محمدؐ کا
سمان ہے تختہ قرطاس پر لوح زبرجد کا
رکہا ہے تاج سر پر حمد کے میم محمدؐ کا
نشان دیتا ہے یہ میم محمدؐ حمد سرمد کا
قدم پر ذات کے ہے دال ہونا حمد سرمد کا
قدم پر حمد کے ہے حال ہونا وصف احد کا
ظہور کل کی جان ہے اب ظہور نور احمدؐ کا
وجود کل کا دل ہے دیکہئے روضہ محمدؐ کا
کیا جبریل کو فراش حضرت تیری مسند کا
بنایا چرخ اخضر شامیانہ تیری مرقد کا
بشر کیسے کہان کے جن گذرگب دام کا دد کا
ہوا ہے طوف گاہ لم یزل روضہ محمدؐ کا
خدا کو بھی ادب ملحوظ خاطر تھا محمدؐ کا
بنا کر سنگ اسود کعبہ مین سایہ رکہا قد کا
وجود کل ہے جسم و روح احمدؐ کی رسالت مین
عدم کے واسطے پیغام ہر سایہ ہوا قد کا
احد احمدؐ مین میم و سایہ و دیرو ضحے و حدت کے
چہپایا سایہ احمد نے احد نے میم احمدؐ کا
خلیل و نوح کو تو نے بچایا آب و آتش سے
رہا حامی ازل مین بہی تو ہی اپنے اب و جد کا
کیا اچہا ہے دو ٹکڑے قمر کو ایک ہی دم مین

ہے انگشت شہادت پر گمان تیغ مہند کا
شفاعت ہے ترے ہے بد کا درجہ نیک سے ہمسر
ہے قرآن کے برابر جرم قرآن مجدد کا
تجلی گاہ عالم مین دکھا دے تو اگر صورت
تو موسی نام ہو جاوے تری رویت کے بیخود کا
ہوے معراج مین وہ ناظرہ خوان علم رویت سے
کہ موسیٰ انکے آگے صرف خوان تھا لوح اسجد کا
براق برق دم کی دیکھکر چالاکی و شوخی
مجھے عنقا پہ شک ہونے لگا مرغ مقید کا
تو ہی مدفون ملک زوار ہین عیسیٰ مجاور سے
فلک ہے شامیانہ شمس شمسہ تیرے گنبد کا
قد خم گشتہ خاتم ہجر ختم المرسلین ہین سے
دل پر داغ کیا اسمین نگینہ ہے زمرد کا
تمنا مدتون سے ساقی کوثر یہ ہے دل مین
مئی عرفان سے پر ہو ساغر دل تیری جیحون کا
کہین گے منکران دین ذبیح اس نعت احمد سے
کہ عالم ہے ہر ایک مصرع پر اب تیغ محمد کا

لطف فرمائے بندہ جناب محمد شریف صاحب زید اللہ لطفہ

السلام علیکم - مضمون مندرجہ ذیل باثبت اغلاط عہد جدید یعنے انجیل خدمت والا مین ارسال ہے امید کہ بہ نظر اطلاع پادریان اہل ہند و اہل یورپ اپنی اخبار نصرت شعار مین درج فرماکر نیازمند کو مرہون منت فرمائے اور حضرات پیرو رکو واضح ہو کہ بذریعہ اخبار نامدار صداقت آثار منشور محمدی اس عاجز کو مطلع فرما دین

غلطی ہائے عہد جدید یعنے انجیل

عام جمیع پیرو اور خاص مسٹر پادری عماد الدین صاحب پانی پتی اور منشی رجب علی صاحب اور صاحب مہتمم اخبار نور افشان لکھنؤ کی خدمت مین التماس و دستانہ ہے کہ عہد جدید مین ہے (کہ وہ جو نبیون نے کہا تھا پورا ہوا کہ وہ ناصری کہلائیگا متی ۲ باب ۲۳ درس) لفظ نبیون جمع ہے نبی کی جس سے ثابت ہے کہ بموجب اردو فارسی دو کو اور بموجب قاعدہ عربی تین کو اور زیادہ اس سے جہانتک ہو صیغہ جمع مین استعمال کیا جاتا ہے لہذا اہل درجہ اردو مین دو ہی فرمائین کہ عہد عتیق مین کن دو نبیون نے اپنی اپنی کتاب سے کس کس باب مین مسیح کو ناصری کے لفظ سے خطاب کیا ہے - ثانیا نامہ یہوداہ کی اباب ۹ درس مین لکھا ہے (جب میکائیل نے جو فرشتون مین عظیم ہے شیطان سے تکرار کرکے موسی کی لاش کی بابت بحث کی تب اوسنے جرأت نہ کی کہ لعن طعن کرکے اوسے الزام دی بلکہ کہا کہ خداوند تجھے ملامت کرے) فرمائین کہ عہد عتیق کی کس کتاب کا یہ مضمون ہے - ثالثا "طمطاؤس دویم ۳ باب ۸ درس مین ہے (اور جسطرح نیس اور یمبریس نے موسی کا سامنا) یہ مضمون عہد عتیق سے کس کتاب مین کونسے باب مین ہے رابعا یہوداہ کی اباب ۱۴ درس مین ہے جو ہنوک کو آدم کی ساتوین پشت مین لکھا ہے حالانکہ اوسی ہنوک کو کتاب پیدائش کی ۵ باب ۱ - ۱۷ درس مین تیسری پشت لکھا ہے اور تفصیل اوسکی یہ ہے کہ درس ایک مین ہے کہ آدم سے قاینن پیدا ہوا اور درس ۱۲ مین

ہے کہ قائن سے حنوک پیدا ہوا اس غلطی کی کیا وجہ ہے
آیا وقت الہام روح القدس کو غلطی ہوئی یا انجیل
نویس جاہل تھا خامساً رومیون کی اباب ۳ درس
مین ہے (اپنی بیٹی ہمارے خداوند یسوع مسیح کے حق
مین جو جسم کے نسبت داؤد کی نسل سے ہوا۔) یہ عبارت
بھی غلط ہے کیونکہ نسب نامہ مندرجہ متی و لوقا یوسف
نجار سے ملتا ہے نہ مریم سے۔ علاوہ اسکے نسل نطفہ پدری
سے شمار کیجاتی ہے مسیح بالاتفاق نطفہ پدری سے مبرا
ہین لہذا داؤد کے نسل سے کہنا عین غلطی انجیل نویس
روح القدس کے الہام کی ہے لہذا سب اسکا کیا ہے
سادساً مکاشفات اباب ۵ درس مین ہے۔ (اور
یسوع مسیح کے طرف سے جو سچا گواہ اور اولون مین
جو مرکے جی اٹھے یلو تہا اور دنیا کی بادشاہونکا
سلطان ہے) یہ عبارت بھی غلط ہے مسیح سے پہلے
الیاس اور موسیٰ جو مرچکے تھے ان کو مسیح نے خود
دیکھا اور ملاقات کی اور گفتگو ہوی جسکی گواہ
پطرس اور یعقوب اور اوسکا بھائی یوحنا ہین
دیکھو انجیل متی، اباب ایک سے ۵ درس تک
اور دنیا کے بادشاہون کا سلطان ہونا کیسا اور
بیچارے کو تو زمین پر سر دھرنے بھی جگہ نہی۔ متی
۸ باب ۲۰ امید کہ حضرات پورا و منصفانہ طور پر بلا تعصب
وہٹ و برمی یا تو میرے اعتراضات کا جواب تسکین
بخش تحریر فرماوین یا عہد جدید کو بمشورہ امام المناظرین
جناب مولانا سید ناصر الدین عرف ابو المنصور صاحب
امام فن مناظرہ اہل کتاب ترمیم کرالیوین اگر امور ثابت

بالا مین سے ایک کو بھی قبول نہ کیا تو واضح ہو کہ آپ
صاحبان کی شان مین واعظین رد نصاری اسی شعر
کو پڑھا کرین گے۔ شعر۔

چھوڑ وہٹ و برمی مسیحی بھائیو
کفر بیجا مت کہو کلمہ پڑھو

زیادہ والسلام علی من اتبع الہدیٰ۔

راقم الحروف آپکا نیاز مند
محمد تفضل حسین معین الواعظین مقام کلکتہ۔

جناب من عرض آنکہ نقل مشفقہ جناب مجدد صاحب
یعنے حضور اقدس مرزا غلام احمد رئیس قادیان
جو بنام بندہ آیا ہے برائے درج اخبار روانہ خدمت
شریف کرتا ہون براہ مہربانی درج اخبار فرماوین
وہو ہذا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔
نحمدہ ونصلی۔ مکرمی مولوی نیاز احمد صاحب سلمہ
السلام علیکم۔ پیکٹ اشتہارات بھیجا جاتا ہے آپکی
دینی سرگرمی اور جد وجہد اور اخلاص سے ظاہر
ہے کہ آپ اس لایق ہین کہ للہ عیسائیون کے وساوس
باطلہ کے دور کرنے کے لئے وعظ کرین اس لئے بطور
مختصر یہ سند اجازت وعظ آپ کو دیجاتی ہے خدا
تعالیٰ آپ کے کام مین برکت دے اے خلق اللہ کے
بھلائی کے لئے خالصاً للہ راہ حق کے طرف لوگون
کو خبر دو۔ والسلام۔

خاکسار غلام احمد از قادیان
مورخہ یکم اگست ۱۸۸۵ عیسوی۔

اطلاع مفید عام۔ خیر ملت اسلام جناب محمد شریف صاحب دام بقاکم۔ السلام علیکم۔ کچھ عرصہ ہوا انتخاب قرآن مجید بزبان انگریزی کا اشتہار جسمین اسکی خوبیان اور قیمت وغیرہ مختصر طور پر مرقوم تھی آپ کی عنایت سے آپ کے اخبار صداقت شعار مین چھپ چکا ہے امید کہ از راہ کرم یہ چند سطرین بھی جو اسکی متعلق ہین آپ درج اخبار فرماکر مجھے زیادہ ممنون فرماوین گے۔

انتخاب مذکور نہایت عمدہ ہے اور اکثر انگریزی دان اسکی تعریف کرتے ہین مگر بوجہ گران ہونے کے صرف اغنیا اسکو خرید فرماکر مستفید ہوتے ہین اور بیچارے غریب محروم رہجاتے ہین اور انگریزجن مین فی ہزار ایک کو بھی قرآن مجید کے مضامین عالیہ پر اطلاع نہین اور جو پادریون کے غلط بیانی کے سبب اسکو اغلاط و اختلافات اور واہیات کا ایک غیر مربوط مجموعہ سمجھتے ہین اسکی خریداری کو فضول جانتے ہین لہذا اسکی قیمت مین حسب مندرجہ ذیل تخفیف کردیگئی ہے کہ فایدہ عام ہو۔ شرح قیمت تخفیف شدہ

اغنیا سے ۱۰ر معہ محصول ڈاک۔ غربا سے ۱ر معہ محصول ڈاک

مشن کے طلبا اور انگریزون سے کچھ نہین صرف ۰ر برائے محصول ڈاک۔ جسکو مطلوب ہو اسماعیل خان واقع لشکر پونہ مکان نمبر ۱۲۸ سے طلب فرمائے۔ راقم اک بندۂ خدا۔ کرپونہ۔

بقیہ پاک نوشتون کی الہامی ہونیکی ثبوت کی تحقیق

نمبر کتاب	نام کتاب	نام مصنف بسنتی	اسناد معہ کیفیت
۶	یشوع کی کتاب	غیر معین	اور نیز اکثر مقامات پر الفاظ آج کے دن تک مثلاً ۵ باب ۹ مین۔ اسی سبب سے آجکے دن تک دس جگہ کا نام جلجال ہے اور ۷ باب ۲۶ مین۔ پھر اہنون نے اوسکی اوپر پتھر دن کا بڑا لوتدہ کیا جو آجکے دن تک ہے۔ وغیرہ وغیرہ ہے بخوبی واضح ہے کہ مصنف اس کتاب کا یشوع سے صدہا سال پیچھے ہوا ہے اور اسی کتاب کی ۲۴ باب ۲۹۔ ۳۱ بھی قابل غور ہے جسکو بعینہ یہان نقل کیا جاتا ہے یشوع ۲۴ باب ۲۹۔ اور ایسا ہوا کہ بعد ان باتون کے نون کا بیٹا یشوع جو ایک سو دس برس کا بوڑھا تھا رحلت کرگیا۔ ۳۰۔ اور اونہون نے اوسکی میراث کی سوانہ مین تمنت سرح مین جو کوہستان افرائیم مین کوہ جعس کے اوتر طرف کو ہے اوسے دفن کیا۔ ۳۱۔ اور اسرائیل یشوع کی زندگی کی سب دن اور ان بزرگون

کی سب دنون مین جو یشوع سے بعد زندہ رہے اور خداوند کی ساری کامون کامون کو جو اوسے بنی اسرائیل کے لئے کئے جانتے تھے خداوند کی بندگی کرتے رہے انتہیٰ ۔ اس سے اور بھی صاف معلوم ہوگیا کہ مصنف اسکے حضرت یشوع نہین اور نہ کوئی ان بزرگون مین سے ہے جو یشوع سے بعد سالہا سال جیتے رہے بنی اسرائیل کی گمراہی کی زمانہ کے بعد مین کسی نے اس کتاب کو تصنیف کیا ہے اور لائٹ فیٹ کہتا ہے کہ یہ کتاب فینحاس کی تصنیف ہے لیکن یہ بھی غلط ہے کیونکہ ۲۴ باب ۳۳ مین جو اوپر لکھی گئی صاف مشرح ہے کہ یشوع سے بعد جو بزرگ زندہ رہے جس سے معلوم ہوا کہ فینحاس تو کیا کوئی بزرگ بھی اسکا مصنف نہین کیونکہ فینحاس بھی اونہین بزرگون مین سے تھا اور خداوند کی ان سب کامون کو جو یشوع سے معرفت ہوے جانتا تھا یہ کتاب تو ان بزرگون کی مرنے کے بعد تصنیف ہوی جو یشوع سے بعد زندہ رہے ۔

اور کالون کہتے ہین کہ العازر کی تصنیف ہے اور یہ بھی سراسر کذب ہے کیونکہ اسی کتاب کی ۲۴ باب ۳۳ مین لکھا ہے کہ ہارون کا بیٹا العیذر بھی مرگیا اور اونہون نے اوسے اوس پہاڑ مین جو اوسکے بیٹے فینحاس کا تھا جو کوہستان افرائیم مین اوسی دیا گیا تھا دفن کیا انتہیٰ ۔ اور ہنری پرمیاہ علیہ السلام کی اور دانئل صموئیل علیہ السلام کی تصنیف کہتے ہین لیکن کوئی سند اسبات کی نہین نہ کوئی اس کتاب مین ایسا فقرہ ہے جس سے معلوم ہوا کہ یہ کتاب یرمیاہ یا شموئیل کی تصنیف ہے ہان اتکل پچو جو چاہو سو کہو خالی کہدینا تو بہت آسان ہے ۔

۷	قائلون کی کتاب	غیر معین	اس کتاب کو بعض علماء عیسوی فینحاس بن العیذر کی تصنیف کہتے ہین لیکن یہ قول ان کا اسی کتاب کی ۲۴ باب کی ۱۰ آیت غلط کرتے ہین اس مین لکھا ہے کہ اوس پشت کی ساری لوگ اپنے باپ دادون مین جا ملے الخ پس اگر فینحاس اسکا مصنف ہوتا تو اوس پشت سے سب لوگون کا مرنا کیونکر بیان کرتا حالانکہ وہ بھی اوسی پشت مین تھا اور کیا فینحاس کی رو برو اس پشت سے سب لوگ مر چکے تھے ۔ باقی آیندہ

جنگ و جدل

کہتے ہین معاملات سرحد کی پیچیدگی کچھ ایسی نامعقول ہے کہ ضرور ہے خبرین صاف صاف باہر نہ نکالی جاوین - بہتر ہے کہ ہم ہرات کو زور سے لیوین اخبارون مین غلط خبرین مشہور کرین چند بڑے اخبارون کو اپنے ہاتھ مین لیلین اور ان مین من مانی خبرین چھپوائین ہرات سے آگے کسیکو گذرنے نہ دیوین یورپ سے تارون مین کوئی خبر نہ جانے دین یورپ کی ڈاک عدن مین روک لین اور پھر آگے بھیجین امیر کو مجبور کرین کہ چھپکا - ہے نہ مانے تو گردن و باٹین اور تب فوج کثیر سے ہرات پر قبضہ جماکر روس سے صاف کہدین کہ خبردار ہوش مین آؤ اگر وہ نہ مانے تو ایک انگریزی بیڑہ بحیرہ اسود مین دوسرا بحیرہ بالٹک مین جاویگا ترک اور انگریز کارس اور ارض روم پر دھاوا کرین گے فارس کی فوجین زیر کمان انگریزی افسرون کے کاسپین و سرخس کی خبر لے ڈالینگے ہرات کی فوجین ترکستان کو جائینگی ترکمان رشوت سے باغی بنائے جاوین گے چین سرحد کلجا سے حملہ کریگا اور انگریزی بیڑہ روس کو بحر بلیک سے باہر نکالدیگا ہرات فارس کی کنجی ہے فارس ایشیاء کوچک کی ایشیاء کوچک استنبول کی اور استنبول ہندوستان کی اسلئے ہرات ہندوستان کی کنجی ہے اور اوسکو ہرگز ہاتھ سے جانے نہ دینا چاہیے اس قسم کی تحریرین ثابت کرتے ہین کہ واں مین کچھ کالا ضرور ہے یہ بات صاف نظر آتی ہے کہ انگلستان کی مخالفت پر فرانس روس سے کچھ کم آمادہ نہین ہے بلکہ جو سرگرمی قوم فرانس کے طرف سے انگلستان کے برخلاف ظاہر ہو رہی ہے وہ نہایت ہی خوفناک ہے اور جبکہ دیکھا جاتا ہے کہ یہی فرانس ہماری مشرقی سرحد پر مضبوط دخل حاصل کرکے تمام ملک برما کو اپنے ہاتھ مین لا رہا ہے تو خوفناک خیال پیدا ہوتا ہے کہ جنگ روس کے موقعہ پر جو مغربی سرحد پر ہونیوالا ہے یہ طاقت مشرق کے طرف سے کوئی فساد برپا نہ کرے سلطان روم کی سرحد پر جو خوفناک بغاوت انہین دنون مین پیدا ہوگئی ہے وہ ہرگز سلطان روم کو اجازت نہ دیگی کہ انگلستان کی باتون کو غور سے سنے عمل کرنا تو درکنار - ع - م

مسلمانونکی تعداد

ایک اخبار نے تمام دنیا سے مسلمانون کی مردم شماری کا حساب اسطرح لکھا ہے -

	ملین
ممالک عثمانیہ - - -	۲۰
ہندوستان - - -	۵۰
ممالک روس - - -	۸
ایران و افغانستان - - -	۷۸
جزیرۃ العرب - - -	۴
چین - - - -	۴
جزیرہ ہند - - -	۱۳
ممالک افریقہ - - -	۱۰۰

تمام مذاہب کی مردم شماری کا مقابلہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے

کہ مسلمان ۱/۹ ہین۔

ٹلیگرام

ادی جمعہ ۲ اکتوبر مہدی سے درویش انگریزی پیش خیمہ سے ۸۰ میل کے فاصلہ پر خیمہ زن ہین سکندر بیگ بالن و بلبن فیوزلرس کو جنرل گران فل کے فوج مین ملانے کے لئے حکم ہوا ہے۔

کوپن ہگن ۲ منہ۔ بلغاریہ کے ڈیپوٹیشن جو زار روس سے ملاقات کو آئی تھی سو زار کے انکار سے بغیر ملاقات کے واپس ہوگئی۔

قسطنطنیہ ۲ منہ۔ سلونیکا کے کنارے پر ترکی افواج پڑاؤ کا لشکر گاہ بنائے ہین اور ترکی فوج کو لانے کے لئے ایک جنگی جہاز کو سمرنا جانے کا حکم ہوا ہے۔

لندن ۳ ستمبر۔ اب یہ فیصلہ ہوا ہے کہ بلغاریہ کے متعلق کی نسبت بحث کرنے کے لئے قسطنطنیہ مین معاہدول اعظم کے سفیرون کی ایک محفل منعقد ہووے۔

بلغاریہ اور روملیہ کا اتفاق بحال اور قایم رہا جانے کے صورت مین یونان اور سرویہ اپنی خسارت کا تقاضا اور دعوی کرتے ہین۔

البینیہ کے فسادی موقعہ سے فی الحال آئے ہوئے کوائف سے واضح ہوتا ہے کہ مفسدون نے فساد کو دبانے کے لئے گئے تھے سو ترکی فوج کو شکست دی اور محاصرہ کرلیا ہے۔

فلپاپولس ۲۹ منہ۔ پرنس الگزاندر نے تجویز کی ہے کہ سلطان روم خلد اللہ ملکہ کے نزدیک ایک ڈیپوٹیشن روانہ کرین تا ان کو صوبہ روملیہ کے امن وامان کا تیقن حاصل ہو۔

لندن غرہ اکتوبر۔ سر میچل بکس بیچ نے کل سالسبری مین اثنائے گفتگو کہا کہ انگریزی گورنمنٹ دوسرے اہل دول کے اتفاق کے ساتھ روملیہ کے مقدمہ کو بصلح وامن فیصلہ کرنیکی کوشش کرینگے۔

روسی مخبرین کی تحریر سے واضح ہوتا ہے کہ روسی گورنمنٹ پرنس الگزاندر کو معزول کرنے پر مایل ہے اگرچہ بلغاریہ کا مقدمہ صلح وامن سے فیصل ہونیوالا ہے تاہم گریس یعنے یونان و بلغاریہ اور سرویہ مین فوجی تیاریان بڑے زور و شور سے ہو رہے ہین ترکی اپنی کوتل فوج سے اسّی بٹالن کو جمع کرتا ہے اور مکریٹ سے اپنی فوج کو واپس بلایا ہے۔

بمبئی غرہ اکتوبر۔ بنگالے کے طوفان کی ہولناک کوائف چلے آرہے ہین۔ چنانچہ مولمین کا ایک جہاز جنرل فچ نامی پانچ میل کے فاصلہ سے زمین پر اوندھا پڑگیا اور اوا کا ایک جہاز نوکوڑہ نامی بالکل تباہ ہوگیا۔ اور کپتان اور دو کیبن کنارے لگے۔ کپتن ڈولہ اور ان کے متعلقین اور تین سئے دیسی کنارے پر دوڑ گئے مگر ایک کارپرداز اور ایک چراغ کا نگہبان زندہ رہگئے لیکن کوئی ولایتی سلامت نرہا۔

لندن ۲ منہ۔ روسی گورنمنٹ کے ارادے پر (جو پرنس الگزاندر کو معزول کرنے کا ہے) بلغاریہ کے لوگ بالکل خشمناک ہوے ہین۔

خبر ہے کہ بلقان سے لوگ ہنوز بلغاریہ کے باب مین کچھ تجویز نہین کئے پس اسی سبب سے کانفرنس معطل ہوا ہے۔

گلزار اخبار

تجویز درپیش ہے کہ شاہ برما سے ملک چھین لیا جاوے۔

مدراس مین ایک بنگالی عورت نے اعلی امتحان ڈاکٹری پاس کیا۔

کلکتہ مین ایک عیسائی لیڈی نے مذہب اسلام قبول کیا۔

فرانس نے انگریزون کے برخلاف برما مین پانو دخل کر لیا

ہندی حاجیون کا محصول سلطان روم نے بجائے ۸ کے ۱۵ پیاسہ کر دیا۔

روم و انگلستان کی دوستی کو یوروپ سے طامتین بری نظر سے دیکھتے ہین۔

زار روس آیندہ سال سمرقند مین شہنشاہی خطاب لینے آئین گے۔

روسی تار بخارا سے چارجوئی مرو تک وسیع ہوگئی۔

لڑکیون کے نکال لیجانے اور فروخت کرنے کی کارروائی لندن مین گرم ہے۔

برما مین انگریزون کی مخالفت حد درجہ تک پہونچگئی۔

بنگالہ مین طوفان سے ہولناک کوائف چلے آتے ہین۔

مدراس مین حکم ہوگیا میونسپل انتخاب مین عورتین بھی ووٹ دین۔

کراچی محمدن کالج مین پہلے پہلے سو سوا سو طالبعلم داخل ہوگئے۔

سید کے کمشن کی تیمت بحساب رقم رسید کے بڑھنے والی ہے۔

بہاری مین اکثر زور کی باڑھ ہوگئی ہے کہ برس سے نہین ہوئی تھی بنگالہ مین زلزلہ ابھی تک برابر آتے جاتا ہے۔

پونا مین روڈ نیپل اور دیا سلائی کا کارخانہ جاری ہوگیا

ٹاٹ صاحب پنجاب کے الصاف کی دھوم دھام تمام ہندوستان مین پھیل گئی۔

میسور کے کان طلائی مین کام کرنے کو ۱۵ آتالن آئے

صاحب گورنر مدراس نے امرتسر نیلگیری سیر کی

ملک مین قحط کے آثار غالبًا نواب نظام کو اب کے بھی ولایت بجانے دینگے۔

بربر مین برّاکشت وخون ہوا باشندون نے خزانہ لوٹ لیا

رومیلیہ کے تمام سلطانی فوجین شاہ بلگریا کے مطیع ہوگئین۔!

انام مین ابتک بھی دیسی عیسائیون کا قتل ہو رہا ہے

کوریا کو روس سے محفوظ رکھنے پر جاپان اور چین نے انکار کیا۔

رومیلیہ کی روم سے بغاوت روسی سازش ہی کا نتیجہ ہے۔

مہاراج برودہ کے ایک لاکھ کے جواہرات ریل مین گم ہوے۔ مل گئے۔

خدیو مصر کہتے ہین انتظام مصر انگریزون کے ہاتھ مین رہے سلطان روم کی صلاح نہ مانی جاوے۔

تجویز ہے کہ مصنوعی جنگ بجائے میانمیر کے کرنال اور امبالہ کے درمیان کیا جاوے۔

روس سلطان روم کو لالچ دیتا ہے کہ اگر اب ذرا بھی تم نے مخالفت کی تو تمہاری فوجین طبقان پر ہرگز قبضہ کرنے نہ پاوین گے۔

اسٹریہ نے وعدہ کیا ہے کہ اگر انگریزون اور روسیون مین جنگ ہو تو ترکی کو مین خاموش رکھونگا۔

فرانس نے شام انام کو معزول کرکے اوس کی جگہ دوسرا شہنشاہ مقرر کردیا جو کہتے ہین کہ مرگیا

بمبئی کے جیل خانہ مین ہاسپٹل اسسٹنٹ نے بیمار قیدیون کو دوا سمجھکر زہر دیدیا۔ ۴ مرگئے۔

رومیلیہ اور بلگریہ نے سلطان ترکی سے کھلی بغاوت کی اور ترکی سرحد پر مورچے قایم کردئے۔

ضرور ملاحظہ فرمائے

ہم شکر کرتے ہین کہ ہماری شکایت (ضمیمہ اخبار منشور محمدی) کا کچھ کچھ اثر ہونے لگا اور بعض نامہربان مشتری صاحبان بھی اسپر غور فرماکے توجہ مبذول فرمانے لگے چنانچہ بعض حضرات بقایا پیندہ بھیجکے معافی کے خواستگار ہین اور بعضون نے حساب دریافت کیا ہے اور بعض حضرات قریب بھیجنے کا وعدہ کرکے فرماتے ہین کہ اپنے نام کو فہرست بے حمیتی و نادہندی مین نہ چھپنے دین ہم اون تمام صاحبون کے بھی شکرگذار ہین اور ہمین امید ہے کہ اسی طرح دوسرے حضرات بھی توجہ مبذول فرماوین گے۔

ہمارے ان مہربانون کو معلوم کرنا چاہیے جو اسیجا ملین ابھی تک چپ چاپ ہین کہ کارخانہ اخبار منشور محمدی جب خط و ذریعہ سے حساب اور مطالبہ کیا جاویگا تو بقایا پیندہ بھیجدینگے ای حضرات ہمکو برا تجربہ ہوا ہے کہ خطوط لکھنے مین سوا صرف ڈاک اور فائدہ پوسٹ آفس کے کچھ بھی نتیجہ نہین ایک تو ہم کمی آمدنی کی وجہ سے زیادہ مصارف کی برداشت کرتے کرتے تھک گئے اور اسپر آپ حضرات کی بے اعتنائی کی وجہ سے اور بھی ڈاک والون کی نذر کیجائے یہ آپ کو کب مناسب ہے اسلئے آئندہ جو حساب لکھا جاویگا اخبار کے وزیعہ لکھا جاویگا اور آپ بھی ایک آسان طور سے اپنا حساب سمجھا دیا جاتا ہے وہ اسطرح ہے کہ سابق مین جو حساب مطبع سے آپکو لکھا گیا تھا اسکے بعد اگر کچھ بقایا ادا کردیا گیا ہو تو اسمین وضع کرلین ورنہ جتنے سال اور مہینون کی قیمت آخر ذیحجہ سنہ حال تک زیادہ ہوتی ہے حساب سابق مین ابھی لکھ تو ازخود صحیح حساب معلوم ہوجاویگا بیفائدہ خرچ ڈاک اور ہمارے اوقات کو ضایع کرکے ہمین نقصان پہونچانا سراسر ناانصافی ہے۔ اور ہمارے بعض مہربان ایسے بھی ہین جن کو حساب برابر معلوم نہین ہوتا دیا کسی وجہ سے تشفی نہین ہوتی ان کے خدمت مین گذارش ہے کہ براہ مزید مہربانی بذریعہ جوابی کارڈ کے دریافت فرمالین اور جو نکہ یہ آپ ہی کے تکاہل کا سبب ہے لہذا ہمین بار خرچ سے سبکدوش فرمادین اور جو حضرات کہ ابتک وہی خیال فاسد مین ہین کہ میرے ایک قیمت ادا نہ کرنیسے کیا ہرج ہوگا جبکہ میرے جیسے اور بھی دینے والے موجود ہین و مزید برآن ہمنے منشور محمدی کو میرا ہی خیال کب آتا ہوگا جبکہ میرے جیسے اور بھی نادہندہ ہونگے اور اپنی نیک نیتی پر ثابت قدم خواب غفلت مین خرائے لے رہے ہین انہین ہم اخیر مین جگانا چاہتے ہین فی الحال اتنی گذارش کرتے ہین کہ یہ تیسرے دفعہ آپکو آگاہ کیا جاتا ہے کہ جب میعاد یعنے سال تمام ہوجاویگا تو ہمکو مجبوراً وہی چال اختیار

مطبع بحر الاسلام بنگلور مین محمد شریف کے اہتمام سے چھپا

کلام مجید

شائقان کلام ربانی کو مژدہ ہو کہ اندنون استعد جلی قلم کا ایک ایسا نایاب
اور لاجواب کلام مجید مترجم مطبع میسور پریس دہلی مین چھپنا شروع ہوا ہے
کہ جسکا ثانی آجتک بہت اقلیم مین کوئی کلام مجید نہین چھپا تہا اور سکی تمام
وکمال خوبیونکے اظہار کیواسطے پوری ایک کتاب درکار ہی مگر اسوقت مشتی نمونہ
از خروارے شائقین کو اسقدر بتا دیتے ہین کہ اسکا ہر صفحہ عرض مین چودہ
انچہ اور طول مین بیس انچہ اور ہر صفحہ مین نو سطر برابر قلم قطعات جلی اس آب
و تاب کے ساتھ مرقوم فوائد اور ترجمہ لکھے گئے ہین کہ جسکا ہر حرف مثل جوہر بے بہا نظر
آتا ہی علاوہ اسکے ہر سیپارہ اور ہر منزل جداجدا ہی اور ہر سیپارہ کے اول
اور آخر لوح سرخ خوشرنگ اسقدر خوشنما لگائی گئی ہی کہ جسکی خوبی اور
عمدگی دیکھنے سے تعلق رکھتی ہی ماسوا ان سب خوبیونکے صحت مین وہ انتظام
کیا گیا ہی کہ ہر ایک زیر و زبر کی غلطی کیواسطے پانچسو روپیہ انعام مقرر ہے نیز
یہ بہی اظہار کرنا ضرور ہے کہ یہ نایاب کلام مجید کی کامل جلد کا وزن کاغذ درجہ اول کا
بیس سیر سے کم نہ ہوگا جس صاحب کو اس پاک کلام مجید کی زیارت کا شوق
ہو درخواست اپنی بنام دہلی مطبع میسور پریس مین بنام منیجر اخبار سفیر ہند
ولٹن گرنسٹ کرنی چاہیے فوراً بذریعہ قیمت طلب پارسل روانہ کیا جائیگا

قیمت فی سیپارہ قسم اول۔

کاغذ درجہ اول سفید ولایتی دبیز مع لوح سرخ خوشرنگ محصول ڈاک ایکسو روپیہ مقرر ہے

قیمت فی سیپارہ قسم دوم

کاغذ درجہ دوم سفید دیسی دبیز مع لوح سرخ خوشرنگ محصول ڈاک ۱۴ مقرر ہے

جرچہ منی آرڈر جن پاکٹ پر تخمیناً دو آنہ لگیگا زمہ مشتری صاحب ہوگا۔

"اشتہار کتاب"

جنگ نامہ روم و روس معہ تصاویر

اس کتاب مین روم اور روس کی اوس خونخوار لڑائی کا ذکر ہی جو ۱۸۷۷ء اور ۷۸ء
مین ہوئی تہی۔ شروع مین ۱۸۷۵ء سے صوبہ ہائے سرویہ۔ بوسینیا۔ ہرزیگوینا۔
مانٹی نیگرو (جبل اسود) وغیرہ کی بغاوت اور جنگونکا بیان ہی پہر سلطین یورپ
کا تمام کارروائیان اور قسطنطنیہ مین کانفرنس کا جمع ہونا۔ طرفین کی تحریرین
انگلستان کی پالیسی روس کا اشتہار جنگ و دیگر لڑائی شروع کرنا
ترکون اور روسیون کی فوجون کا احوال ایشیا اور یوروپین ترکی کی جنگونکا
مفصل احوال قارس اور پلونا کی نامی لڑائیون کا تذکرہ طرفین کے نقصان کا
بیان سین استفانوس کا عہدنامہ برلن کانگرس کا اخیر عہدنامہ وغیرہ وغیرہ
حالات مشرح لکھے گئے ہین اور مقامات جنگ اور نامی بادشاہون اور جرنلون
کی تصویرین بہی ہین غرضکہ یہ کتاب دیکھنے سے تعلق رکہتی ہی قیمت فی جلد
تین روپیہ ۱۴ ابر مقرر ہی۔ المشتہر محمد مراد علی ہوشیار مہتمم راجپوتانہ گزٹ
اجمیر۔

منجن

(مفید درد دندان)

یہ منجن بعد تجربہ بسیار ایجاد کیا گیا ہی ایک وقت کے استعمال سے دانتونکا درد شدید جسسے
اکثر لوگ علیل رہا کرتے ہین دفع ہو جاتا ہی جسکو درد دندان کیلئے اکسیر کہنا بجا ہی
جن لوگون کے دانت کیڑا پیدا ہونے کی وجہ سے مضمحل ہو جاتے اور کوئی سخت شئی کھانے
سے معذور رہتے ہین اونکو یہ منجن فولاد جیسا مستحکم کر دیتا ہی۔ صدہا مریضون نے اس سے
شفا پائی ہی بمقابلہ فوائد قیمت کچھ بھی نہین قیمت فی تولہ ۳ محصول ڈاک
آدہا آنہ۔ چٹھی ترکیب استعمال کی ہمراہ منجن روانہ ہوا کریگی جن حضرات کو خواہش ہو
مدراس فخر میلاور مسجد شاہ عبدالقادر صاحب نخودا ہن **شاہجہ**

Atshu's Powder.

"آشس" کا سوف

بالکل صحت بخش شرابیون افیونیون اور حقہ پینے والونکو نہایت مفید ہے
سوء ہضمی ضعف معدہ اور امعاء وغیرہ کو اکسیر استعمال بموجب ہدایت ہوتا
جاہئے۔ ہدایت کی چھوٹی بوتل ہر جگہ کی قیمت فی شیشی ۳ ۸ روپیہ۔

ایے۔ٹی۔ کمرجی بارنا گور کلکتہ

Dr. G. B. Shaw's Samaritan Drops.

ڈاکٹر" جی۔بی۔شا کا سیمرٹین ڈراپس

امعائی قوتون کو ترقی دیکر قایم رکھنے والا۔ معدہ شانہ گردون پھیپھڑون اور
جگر کو طاقت دیکر امراض سے پاک اور صحیح کرنے والا نہایت ہی مجرب جو
ہر طرف سے تعریف کے ساتھ پسند کیا گیا دمہ کھانسی استسقا کرم
امعاء۔ ریگ۔ گردہ۔ تپ مزمن۔ دردسر۔ چونا اور بلغم۔ جو شاب میں
اتا ہر سوزاک جریان۔ نزلہ ان تمام امراض کے واسطے مجرب اکسیر
جی بی شا کا سیمرٹین ڈراپس اگر بیرونی جسم پر لگایا جاوے تو جلتے ہوئے
بدن کو زخمون کو پھیلتے ہوئے زخمون کو داد کھجلی۔ بوای جذام دمع
مواصل تعرص آتشک۔ اور سوداوی زخمون کو اور نیز جلدی امراض
کو بہت جلد صحت بخشتا ہے استعمال کی پوری ہدایت بوتل پر چسپاں
ہے قیمت بمقدار بوتل ایک روپیہ۔ دو روپیہ۔ تین روپیہ ۸ر۔
پانچ روپیہ ۸ر دس روپیہ۔ بند کرنے کے واسطے چار آنہ طلب کی جاتی ہے
انگریزی میں ہمارے نام بھیجی جائیں ایجنٹ کی ضرورت ہے درخواست
ہدایت پاس آنی چاہئے۔ ایے۔ٹی۔ کمرجی
مقام بارنا گور کلکتہ

R. T. Mookerjee, Proprietor.

Specific for Hydrocele.

"فتق آبی کی مجرب دوا"

اس دوا میں پارہ یا کوئی مضر چیز نہیں ہے محض دیسی نباتات سے
تیار کی گئی ہے تین ہی مہینون کے اندر فتق کی پرانی بیماری کو اور ہر ایک
قسم کی سوزش جوشش خون تلب طحال انیل یا یا دست وغیرہ
وغیرہ کو صحت بخشتے ہی دنبر فتق کے اندرونی پانی کو جزب کرتی ہے۔
قیمت فی شیشہ دو روپیہ۔ بند کرنیکے واسطے ۴ر۔

New Sarsaparilla.....

"جدید عرق عشبہ"

یہ جدید عرق عشبہ ہے جو صحت بخش بنگالی جڑی بوٹیوں سے تمام تیار کیا گیا
ہے دس دیسی اور ۶ یورپین اجزاء سے مرکب ہے جو سب کے سب مفید و
مقوی بالتاثیر ہین غلظت خون کے تصفیہ کا ذمہ دار ہے جو بسبب استعمال
پارہ کے ہوئی ہو۔ بخار۔ بدہضمی۔ بے طاقتی۔ ترشی۔ نفخ وغیرہ کو
مفید ہے عصبی کمزوری دنانوائی وغیرہ کو عجیب فایدہ مند۔ بوڑھوں کو
جوان دبلے و نحیف کو فربہ اور طاقت ور عمگین کو خوش کرتا ہے عورتین
جو قبل اور بعد زچگی کے بیطاقتی اور ضعف سے بیمار رہا کرتی ہین انکو
شفا بخشتا ہے۔ ہر سال ہزارہا لوگ جو بسبب کہنہ بیماریون کے جان بخش
ہوتے ہین یہ جدید عرق عشبہ ہی اونکو جان و طاقت و صحت تازہ بخشتا ہے
بیس اونس کا شیشہ ایک روپیہ بند کرنے ۴ر۔

ایے۔گوش۔ دواساز۔
۴۷ بیچو چیٹرجی اسٹریٹ۔ : کلکتہ۔

"فواید الکین"

جسکا اشتہار پچھلے ہفتہ درج اخبار ہوا تھا اوسکی قیمت دو
بوتل سے رکھی تھی اسلئے ظاہر کی جاتی کہ اوسکی قیمت میں ڈاک ۴ر اور